## سوال

(627) حمل ضائع ہونے والی گائے کے دودھ کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے ایک دوست کی گائے کا مدت پوری ہونے سے دوماہ قبل حمل گرگیا کیا اب اس کا دودھ پی سکتے ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں !پی سکتے ہیں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے :

وَإِنَّ لَكُمْ فِى ٱلْأَنْعَٰمِ لَعِبْرَةً نُّسْقِيكُم مِّمَّا فِى بُطُونِهِۦ مِنۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشَّٰرِبِينَ --النحل66

''اور تمہارے واسطے چوپاؤں میں سوچنے کی جگہ ہے پلاتے ہیں تم کواس کے پیٹ کی چیزوں میں سے گوبر اور خون کے درمیان سے دودھ خالص خوشگوار پینے والوں کے لیے''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

کھانے پینے کے احکام ج1ص449